Daily JINNAH Islamabad Rawalpindi

روزنامہ جناح

چیف ایڈیٹر: زین ملک

Date: 02:08:2007 Station: Islamabad

ماں کے دودھ سے بچوں کی زندگی بچائی جاسکتی ہے: ڈاکٹر طالب

ماں کا دودھ پلانے کا عالمی ہفتہ منانے کا مقصد آگاہی پیدا کرنا ہے: پریس کانفرنس

اسلام آباد (خبر نگار خصوصی) بچے کی پیدائش کے پہلے گھنٹہ میں ماں کا دودھ پلانے سے دنیا میں ہر سال میں لاکھ بچوں کی زندگیاں بچائی جاسکتی ہیں۔ پاکستان میں 78 فیصد ڈاکٹروں اور صحت سے وابستہ دیگر افراد نومولود بچوں کو پہلے گھنٹہ میں ماں کا دودھ پلانے کی افادیت سے ناواقف ہیں۔ اسلام آباد پریس کلب میں "دی نیٹ ورک" کے ایگزیکٹو کوآرڈینیٹر ڈاکٹر طالب لاشاری نے ماں کے دودھ کی افادیت کے حوالے سے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں یکم اگست سے ماں کا دودھ پلانے کا عالمی ہفتہ منایا جارہا ہے جس کا مقصد لوگوں میں نومولود کو ڈبے کے دودھ کے بجائے ماں کا دودھ پلانے کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔